خبروں کا اعلامیہ

# سفر کے لیے کیو آر (QR) کوڈ ویکسین کا ریکارڈ اپ ڈیٹ کر دیا گیا

23نومبر،2021

---

**متعلقہ معلومات**

[Alberta.ca/CovidRecords](Alberta.ca/CovidRecords)

[Alberta.ca/Vaccine](Alberta.ca/Vaccine)

[Alberta.ca/CovidRecordsHelp](Alberta.ca/CovidRecordsHelp)

COVID-19 public health actions

COVID-19 information

**میڈیا سے پوچھ گچھ**


اسٹیو بوئک(Steve Buick)
780-288-1735
سینئر پریس سیکرٹری، ہیلتھ


سفر کرنے کا منصوبہ بنانے والے البرٹا کے باشندے 24 نومبر کو کینیڈا کے اندر اور باہر استعمال کرنے کے لیے کیو آر (QR) کوڈ سمیت ایک تازہ ترین ویکسین ریکارڈ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

البرٹا کے ویکسین ریکارڈ کو ملکی اور بین الاقوامی سفر کے لیے تجویز کردہ کینیڈا کے معیار پر پورا اترنے کے لیے اپ ڈیٹ کیا جائے گا۔ اپ ڈیٹ شدہ ریکارڈ 24 نومبر کو alberta.ca/CovidRecords پر دستیاب ہوگا۔ اس میں درمیانی نام بھی شامل ہیں اور یہ ریکارڈ دونوں سرکاری زبانوں میں ہے۔-

البرٹا کے ان باشندوں کو، جن کے پاس پہلے سے ہی کیو آر (QR) کوڈ ویکسین کا ریکارڈ موجود ہے، اگر وہ سفر کرنے کا ارادہ نہیں رکھتے ہیں تو، ان کو تازہ ترین (اپڈیٹیڈ) ورژن کو محفوظ (save) کرنے یا پرنٹ کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ البرٹا کے باشندے اپنے پہلے سے محفوظ (save) کردہ کیو آر (QR) کوڈ سمیت ویکسین کے ریکارڈ کو مقامی کاروباروں اور پابندیوں سے مستثنیٰ پروگرام (آر ای پی) ((Restrictions Exemption Program) (REP) میں حصہ لینے والے مقامات تک رسائی حاصل کرنے کے لئے استعمال کرنا جاری رکھ سکتے ہیں ۔

البرٹا کی کیو آر کوڈ سکیننگ ایپ (QR code scanning app) موجودہ اور اپ ڈیٹ شدہ کیو آر (QR) کوڈ ویکسین ریکارڈ دونوں کو پہچانے گی۔

"ہم ویکسینیشن کے بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ ثبوت کے ساتھ البرٹا کے باشندوں کے لیے اندرون اور بیرون ملک سفر کرنا آسان بنا رہے ہیں۔ البرٹا کے لاکھوں ویکسین لگائے گئے باشندوں کے پاس پہلے سے ہی محفوظ ویکسین کا کیو آر (QR) ریکارڈ موجود ہے اور ہمارے صوبے میں سرگرمیوں سے محفوظ طریقے سے لطف اندوز ہونے کے لیے وہ اب بھی اس کا استعمال کر سکتے ہیں۔ جو لوگ سفر کرنا چاہتے ہیں، ایک اپ ڈیٹ کردہ کیو آر (QR) کوڈ ان کو جلدی اور آسانی سے ویکسینیشن کا ثبوت فراہم کرنے کا موقع دے سکتا ہے۔"

*جیسن کوپنگ، وزیر صحت(منسٹر آف ہیلتھ)*

سفر کرنے کا منصوبہ بنانے والے البرٹا کے باشندوں کو کسی بھی بین الصوبائی یا بین الاقوامی سفر سے پہلے کینیڈا کی حکومت(Government of Canada) اور اپنی

# خبروں کا اعلامیہ

منزلِ مقصود سے مطلوبہ سفری دستاویزات کے بارے میں پتہ لگانے کی ضرورت ہے۔

البرٹا کے باشندے رجسٹری ایجنٹ کے دفتر میں جا کر یا 811 پر کال کر کے بغیر کسی قیمت کے کیو آر (QR) کوڈ کے ساتھ پرنٹ شدہ ویکسین کا ریکارڈ حاصل کر سکتے ہیں۔

**آر ای پی (REP) کے لیے ویکسینیشن کا قابلِ قبول ثبوت: غیر البرٹا ریکارڈز**
کینیڈا سے باہر ویکسین لگوائے گئے سرپرست، بشمول بین الاقوامی مسافر، اپنے ملک سے باہر (آؤٹ آف کنٹری) ویکسین کے ریکارڈز کے ساتھ کسی درست شناخت، جیسے کہ پاسپورٹ کا استعمال کر سکتے ہیں ۔ دوسرے صوبوں اور علاقوں میں ویکسین لگوائے گئے سرپرستوں کو اپنے دائرہ اختیار (جورسڈکشن) کے کیو آر (QR) کوڈ سمیت ویکسین ریکارڈزکا استعمال کرنا ہوگا، کیونکہ دیگر قسم کے ریکارڈز اب آر ای پی (REP) میں قبول نہیں کئے جاتے ہیں۔

البرٹا کے کاروباروں اور مقامات کی پرزور حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اے بی کووڈ رکارڈز ویریفائر (AB Covid Records Verifier) ایپ کا استعمال کریں تاکہ ان کے سرپرستوں کی ویکسینیشن کی حیثیت آر ای پی (REP) کی ضروریات کو پورا کر سکے۔ اگر ایپ 'ریکارڈ درست نہیں' یا 'ریکارڈ نہیں ملا' کا پیغام دکھاتی ہے تو سرپرست کسی مقام میں داخل نہیں ہو سکے گا۔ ایپ دوسرے صوبوں اور علاقوں کے جاری کردہ کیو آر (QR) کوڈز سمیت رکارڈز کے ساتھ ساتھ کینیڈین مسلح افواج (کینیڈین آرمڈ فورسز) کے ریکارڈز سکین کر سکتی ہے۔

18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے بالغوں کے لیے، کاروباری اداروں کو ایک درست شناخت (آئی ڈی) کی جانچ کرنی چاہیے جو کسی بھی قسم کے قابلِ قبول ویکسینیشن کے ثبوت کے طور پر ویکسین کے ریکارڈ پر موجود نام اور تاریخ پیدائش سے ملتی ہو ۔

**فوری حقائق**

- فی الحال، alberta.ca/CovidRecordsتک رسائی کینیڈا کے اندر تک محدود ہے۔ کینیڈا تک رسائی کو محدود کرنا عوامی ویب سائٹس کو محفوظ بنانے، البرٹا کے باشندوں کی معلومات کی حفاظت کرنے اور سائبرسیکیوریٹی حملوں کے خطرے کو کم کرنے کے لیے استعمال ہونے والے بہت سے ٹولز میں سے ایک ہے۔
- البرٹا کے لوگوں کو alberta.ca/CovidRecords کے ذریعے اپنے ریکارڈ حاصل کرنے کے لیے اکاؤنٹ بنانے کی ضرورت نہیں ہے۔ انہیں صرف ویکسینیشن کی کسی بھی خوراک کا مہینہ اور سال، البرٹا پرسنل ہیلتھ نمبر اور تاریخ پیدائش درج کرنے کی ضرورت ہے۔ حفاظتی ٹیکوں کے لگنے کے بعد ریکارڈ دستیاب ہونے میں دو ہفتے لگ سکتے ہیں۔
- کیو آر (QR) کوڈ کے بغیر البرٹا کے حفاظتی ٹیکوں کے پچھلے ریکارڈز، بشمول ویکسین فراہم کرنے والوں کی طرف سے اور MyHealth Records سے محفوظ کیے گئے ریکارڈز، پابندیوں سے مستثنیٰ پروگرام (Restrictions Exemption Program) کے تحت اب ویکسینیشن کے ثبوت کے طور پر قبول نہیں کیے جاتے ہیں۔
- کوئی بھی شخص جس کے ویکسین کے ریکارڈ پر معلومات ناموجود یا غلط ہے یا اسے اس تک رسائی میں دشواری کا سامنا ہے alberta.ca/CovidRecordsHelp پر جا سکتا ہے۔
- فی الحال، 48 میں سے 38 فرسٹ نیشنز alberta.ca/CovidRecords کے ذریعے کیو آر (QR) کوڈ سمیت ویکسین کے ریکارڈ تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ البرٹا بقیہ فرسٹ نیشنز کے ساتھ مل کر کام جاری رکھے گا تاکہ آنے والے ہفتوں میں ان کے حفاظتی ٹیکوں کے ریکارڈز کو شامل کیا جا سکے۔
- کینیڈا کی مسلح افواج (کینیڈین آرمڈ فورسز) کے ارکان کے لیے ویکسینیشن کے ثبوت کو قبول کیا جائے گا۔
- ویکسینیشن کا جھوٹا ریکارڈ بنانا یا استعمال کرنا ایک جرم ہے جو پہلی بار جرم کے لیے قانونی چارہ جوئی اور/یا $ 100،000 ڈالر تک کے جرمانے سے مشروط ہے۔